**AQF / Shabbir**

**15-07-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................. شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

- ☆ بھارتی خلاء باز شبھانشوشکلا اور Axiom-4 مشن عملے کے دیگر تین ارکان آج زمین پر واپس آئیں گے۔
- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اڈیشہ کے کٹک میں Ravenshaw یونیورسٹی کے سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔
- ☆ بھارت نے ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی 50 فیصد صلاحیت مقررہ وقت سے پانچ سال قبل ہی حاصل کرلی ہے۔
- ☆ دلّی حکومت نے کاروبار میں سہولت کو فروغ دینے کیلئے ماحول کیلئے سازگار صنعتوں کی آلودی سے متعلق کلیئرنس کیلئے 20 دن کی حد مقرر کی ہے۔
- ☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج چین کے شہر Tianjin میں SCO وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔
- ☆ اور کرکٹ میں، انگلینڈ نے اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی میں بھارت کو تیسرے ٹیسٹ میں 22 رن سے شکست دے کر دو-ایک کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**AXIOM-4**

بھارتی خلاباز شوبھانشو شکلا اور Axiom-4 مشن عملے کے تین دیگر افراد بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS میں 18 دن گزارنے کے بعد آج زمین پر واپس آئیں گے۔ وہ کل بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے اسپیس ایکس ڈریگن کے ذریعے زمین پر واپس آنے کے لیے تقریباً 22 گھنٹے کے سفر پر روانہ ہوئے۔ توقع ہے کہ وہ بھارتی وقت کے مطابق آج سہ پہر 3 بجے امریکی ریاست کیلیفورنیا کے ساحل کے قریب زمین پر اتریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے : **V/C: Aishwarya**

*Axiom-4 مشن کا خلائی سفر 25 جون کو شروع ہوا تھا، جب Falcon-9 راکٹ، اسپیس ایکس*

ڈریگن کو لے کر فلوریڈا سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS کی طرف روانہ ہوا۔ گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا محض دوسرے بھارتی ہیں جو خلا میں گئے ہیں۔ اُن کا یہ سفر خلا باز راکیش شرما کے خلائی سفر کے 41 سال بعد ہوا ہے۔ راکیش شرما 1984 میں خلا میں گئے تھے۔ جناب شکلا نے بھارت کیلئے مخصوص مائیکرو گریوٹی کے سات تجربات کیے، جو کہ خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی میں بھارت کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہیں۔ یہ تجربات مستقبل کے سیاروں کے مشنوں اور خلا میں طویل مدتی قیام کیلئے اہم ڈیٹا تیار کرنے کیلئے کیے گئے ہیں۔ اتوار کو ناسا کے مہم جوئی عملے نے Axiom-4 مشن عملے کے ارکان کیلئے ایک روایتی الوداعی تقریب کا اہتمام کیا۔ الوداعی تقریب کے دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب شکلا نے اپنے خلائی سفر کو واقعی ناقابل یقین قرار دیا۔

S/B : Shukla

یہ مشن، جسے آکاش گنگا کا نام دیا گیا ہے، Axiom Space، ناسا اور خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو کی ایک مشترکہ کوشش ہے۔ یہ مشن گگن یان مشن اور مجوزہ بھارتیہ انترکش اسٹیشن سمیت آئندہ کے بھارت کے انسانی خلائی پرواز کے عزائم میں ایک اہم قدم کی نمائندگی کرتا ہے۔

ایشوریہ رائے نگم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....

## PREZ-ODISHA

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج اڈیشہ میں Ravenshaw یونیورسٹی کے تیرہویں سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی اور کٹک میں Ravenshaw گرلز ہائی اسکول کی تین عمارتوں کی تعمیر نو کا سنگ بنیاد رکھیں گی۔ صدر جمہوریہ 15 ویں صدی میں پیدا ہوئے اڈیشہ کے ایک عظیم شاعر اور اسکالر Adikabi Sarala Das کی جینتی کی تقریب میں بھی شرکت کریں گی اور کٹک میں 2024 کے Kalinga رتن ایوارڈ پیش کریں گی۔ صدر جمہوریہ کے دورے کے پیش نظر سیکورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اڈیشہ کا اپنا دورہ مکمل کرکے آج شام دلّی واپس آجائیں گی۔×

## INDIA CLEAN ENERGY

بھارت نے توانائی کی منتقلی کے اپنے سفر میں مقررہ وقت سے پانچ سال پہلے ہی غیر روایتی ایندھن کے ذرائع سے اپنی تنصیب شدہ بجلی صلاحیت کے 50 فیصد تک پہنچ کر ایک اہم مقام حاصل کیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے : V/C : News Desk

یہ اہم سنگ میل آب و ہوا کی تبدیلی کی روک تھام سے متعلق کارروائی اور پائیدار ترقی کیلئے ملک کے

مضبوط عزم کو اجاگر کرتا ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی طرف بھارت کی منتقلی نہ صرف حقیقی ہے بلکہ اس میں تیزی بھی آ رہی ہے۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی کی روک تھام کا حل تلاش کرنے والی دنیا کو بھارت راستہ دکھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2030 کے ہدف سے پانچ سال قبل ہی 50 فیصد غیر روایتی ذرائع سے ایندھن کی صلاحیت حاصل کرلینا ہر بھارتی کے لیے قابل فخر لمحہ ہے۔ جناب جوشی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت بھارت کی ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی منتقلی کو آگے بڑھا رہی ہے اور ایک خود کفیل اور پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کر رہی ہے۔ یہ اہم کامیابی نظریہ ساز پالیسی کی کامیابی، جرات مندانہ عمل آوری نیز مساوی اور ماحولیاتی ذمہ داری کے تئیں ملک کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

اہم پروگرام جیسے کہ پی۔ایم۔کُسُم، پی۔ایم سوریہ گھر، مفت بجلی یوجنا، سولر پارک کی ترقی اور قومی بادی شمسی ہائبرڈ پالیسی نے اس تبدیلی کی مضبوط بنیاد رکھی ہے۔ بھارت کی ترقی عالمی تناظر میں زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ عالمی سطح پر سب سے کم فی کس کاربن اخراج کے باوجود، بھارت اُن چنندہ G-20 ممالک میں شامل ہے جو اپنے قومی سطح پر طے شدہ شراکت NDC کے وعدوں کو پورا کرنے کی راہ پر ہیں یا اس سے بھی آگے جا رہے ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ غیر روایتی ذرائع سے 5O فیصد توانائی کے سنگ میل کو مقررہ وقت سے پہلے حاصل کرکے، بھارت ماحولیات کے لیے سازگار توانائی کے سب سے آگے نکلنے والے کے طور پر اپنی قیادت کو مزید تقویت فراہم کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی ذمہ داری ساتھ ساتھ چل سکتی ہے۔

نیوز ڈیسک سے خبرنامے کے لیے میں .......

## <u>DELHI CLEARANCE</u>

دلی سرکار نے کاروبار کرنے میں آسانی کو فروغ دینے کے لیے ماحولیات کے لیے سازگار زمرے کی صنعتوں کے لیے آلودگی سے متعلق کلیئرنس کے لیے 20 دن کی حد مقرر کی ہے۔ دلی کے ماحولیات اور صنعتوں کے محکمے کے وزیر منجندر سنگھ سرسا نے کہا کہ یہ پہلے کے مقررہ 120 دن کے وقت کے مقابلے بہت زیادہ کم ہے۔ سرکار کے اس عمل سے 65 سے زیادہ اقسام کی صنعتوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا جن کی ماحولیات کے لیے سازگار زمرے، عام طور پر آلودگی نہ پھیلانے والے اور کم خطرے والے شعبے کے تحت درجہ بندی کی گئی ہے، پہلے اِن کے کلیئرنس کے لیے طویل اور پیچیدہ منظوری کا طریقہ کار تھا۔ اِن اصلاحات سے دلی کے MSME شعبے میں ماحولیات کی حفاظت کو برقرار رکھتے ہوئے صنعتی سرگرمیوں میں تیز آنے کی امید

ہے۔جناب سرسا نے لیفٹینٹ گورنر ونے کمار سکسینہ اور وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کا ان اصلاحات کو حقیقت بنانے میں ان کی مسلسل حمایت اور دور اندیش قیادت کے لیے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈبل انجن سرکار نے وہ کام کر دیا ہے جو 50 سال میں نہیں ہو سکا تھا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ یہ صرف اصلاحات نہیں بلکہ یہ ایک تاریخی لمحہ ہے کہ ہم راجدھانی میں کس طرح کاروباری اداروں کی مدد کرتے ہیں۔x

**JAISHANKAR-SCO**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج چین کے شہر Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر چین کے دو روزہ دورے پر کل بیجنگ پہنچے۔ یہ وزرائے خارجہ مختلف شعبوں میں SCO تعاون اور اہم بین الاقوامی اور علاقائی امور پر اپنے نظریات مشترک کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کل بیجنگ میں چین کے اپنے ہم منصب Wang Yi کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔ وزیر خارجہ نے سرحدپار دریاؤں پر تعاون کی ضرورت کو اجاگر کیا ہے، جس میں چین کی طرف سے ہائیڈرولوجیکل یعنی پانی سے متعلق اعداد وشمار کی فراہمی کی دوبارہ شروعات شامل ہے۔

میٹنگ کے دوران، جناب جے شنکر نے اقتصادی تعاون سے متعلق تجارتی اقدامات کی بندشوں اور سڑک رکاوٹوں کے معاملے کو اٹھایا۔ وزیر خارجہ نے باہمی تعلقات کے بلارکاوٹ فروغ کیلئے سرحد پر امن اور خوشحالی کے مثبت اثر کو بھی اجاگر کیا۔

**S/B Jaishankar-Deescalation**

بیجنگ میں چین کے اپنے ہم منصب Wang Yi کے ساتھ ایک میٹنگ میں اپنے افتتاحی کلمات میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت-چین تعلقات بتدریج مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔

**S/B Jaishankar- China-Inda Ties**

ڈاکٹر جےَ شنکر نے کیلاش مانسرور یاترا دوبارہ شروع کرنے میں چین کے تعاون کی بھی ستائش کی۔x

**BREAK**

<u>یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**GONG**

**BIHAR-SIR**

بہار میں جاری خصوصی جامع نظرثانی مہم کے دوران 6 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ ووٹروں نے ذاتی معلومات سے متعلق فارم جمع کرادیئے ہیں۔ بھارت کے انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ فارم جمع کرنے کی مہم تیزی سے جاری ہے، جس کے تحت سات کروڑ 80 لاکھ ووٹروں میں سے 83 اعشاریہ چھ فیصد ووٹروں نے فارم جمع کئے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Dharmendra Kumar**

بہار میں، ووٹر فہرست کی خصوصی نظرِ ثانی مہم کے تحت 88 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان کی تصدیق کے مکمل ہونے کے بعد یہ پایا گیا ہے کہ تقریباً سات کروڑ 90 لاکھ رائے دہندگان میں سے 12 لاکھ ووٹرس کم ہوگئے ہیں۔ اِس کے علاوہ 17 لاکھ سے زیادہ ووٹرس بہار سے باہر مستقل طور پر رہائش پذیر ہیں۔ چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ کُل رائے دہندگان کا تقریباً صفر اعشاریہ سات تین فیصد تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ ووٹروں کے نام بطور ووٹر دو جگہوں پر رجسٹرڈ ہیں۔ تصدیق کے عمل کے مکمل ہوجانے کے بعد اندازہ ہے کہ 35 لاکھ سے زیادہ ووٹروں کے ناموں کو موجودہ ووٹر فہرست سے خارج کر دیا جائے گا۔ چناؤ کمیشن نے وضاحت کی ہے کہ ووٹر فہرست کے مسودے کی اشاعت کے بعد رائے دہندگان کو اپنا دعویٰ اور اعتراض جتانے کا پورا حق حاصل ہوگا، جس کی تحقیقات کی جائے گی۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

## <u>SIKKIM-DIGITAL VILLAGE</u>

سکم میں ملک کے پہلے ڈیجیٹل **Nomad** گاؤں کا کُل **Pakyong** ضلع میں **Yakten** گاؤں میں باضابطہ افتتاح کیا گیا۔ ایم ایل اے **Pamin Lepcha** اور خواتین، بچوں، معمر شہریوں اور معذور افراد کی بہبود کے محکمے کے صلاحکار نے اس کا افتتاح کیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Manas**

بہار میں، ووٹر فہرست کی خصوصی نظرِ ثانی مہم کے تحت 88 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان کی تصدیق کے مکمل ہونے کے بعد یہ پایا گیا ہے کہ تقریباً سات کروڑ 90 لاکھ رائے دہندگان میں سے 12 لاکھ ووٹرس کم ہوگئے ہیں۔ اِس کے علاوہ 17 لاکھ سے زیادہ ووٹرس بہار سے باہر مستقل طور پر رہائش پذیر ہیں۔ چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ کُل رائے دہندگان کا تقریباً صفر اعشاریہ سات تین فیصد تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ ووٹروں کے نام بطور ووٹر دو جگہوں پر رجسٹرڈ ہیں۔ تصدیق کے عمل کے مکمل ہوجانے کے بعد اندازہ ہے کہ 35 لاکھ سے زیادہ ووٹروں کے ناموں کو موجودہ ووٹر فہرست سے خارج کر دیا جائے گا۔ چناؤ کمیشن نے وضاحت کی ہے کہ ووٹر فہرست کے مسودے کی اشاعت کے بعد رائے دہندگان کو اپنا دعویٰ اور اعتراض جتانے کا پورا حق حاصل ہوگا، جس کی تحقیقات کی جائے گی۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج راجستھان اور چھتیس گڑھ کے زیادہ تر حصوں میں بارش کے تعلق سے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD کے مطابق راجستھان اور چھتیس گڑھ میں اگلے دو روز کے دوران دور دور تک موسلادھار بارش ہونے کا قوی امکان ہے۔ IMD نے گنگا کے طاس والے مغربی بنگال اور جھارکھنڈ میں آج موسلادھار بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ بہار، ہماچل پردیش، اڈیشہ، اتراکھنڈ، آسام اور میگھالیہ میں دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ اس دوران موسمیات سے متعلق ایجنسی نے تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، آندھراپردیش، یانم اور رائل سیما میں کل تک گرمی اور ہبس کا موسم رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

**HP-WEATHER**

ہماچل پردیش کے زیادہ تر حصوں میں رُک رُک کر بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ شملہ کے موسمیات کے مرکز نے شملہ، سولن اور سرمور ضلعوں میں آج بہت شدید بارش کیلئے ایک اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ بلاسپور، کانگڑا، کُلّو اور منڈی اضلاع میں موسلادھار بارش کیلئے ایک یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔×

**RAJASTHAN-WEATHER**

راجستھان کے کچھ ضلعوں میں پچھلے دو روز سے مسلسل موسلادھار بارش کے سبب سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ چتور گڑھ میں پچھلے 24 گھنٹے میں 10 اِنچ بارش ریکارڈ کی گئی۔ پالی کے Bijolia میں 9 اِنچ، جبکہ کوٹہ میں پانچ اِنچ بارش ریکارڈ کی گئی۔ موسمیات کے محکمے نے اجمیر، ناگور اور پالی میں آج موسلادھار بارش کے تعلق سے ایک ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے 10 ضلعوں کیلئے اورنج الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Jitendra Dwivedi**

*موسلادھار بارش کے سبب ریاست کے کئی ضلعوں میں معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ پالی، کوٹہ، بونڈی اور جودھپور کے نچلے علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ ضلع انتظامیہ نے آج کوٹہ اور پالی میں اسکولوں میں چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ پالی میں ریل ٹریفک متاثر ہوا ہے اور کئی ضلعوں میں سڑک ٹریفک بھی متاثر ہوا ہے۔ بارش سے وابستہ واقعات میں گزشتہ دو روز میں 12 سے زیادہ افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ اس کے علاوہ کوٹہ میں چمبل دریا میں 6 نوجوان ڈوب گئے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو روز کے دوران شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔*

*جے پور سے جتیندر دویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**J&K AMARNATH YATRA**

امرناتھ گپھا کے درشن کیلئے 6 ہزار 388 یاتریوں کا ایک جتھا سخت سکیورٹی انتظامات کے تحت جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس بیس کیمپ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یاتریوں کا یہ چودھواں جتھا ہے۔ یہ یاتری آج صبح سویرے 248 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بیس کیمپ سے روانہ ہوئے، جن میں چار ہزار 886 مرد، ایک ہزار 308 خواتین، 15 بچے، 158 سادھو اور 21 سادھویاں شامل ہیں۔ 2 ہزار 501 یاتری بال تل کیمپ سے، جبکہ 3 ہزار 887 یاتری پہلگام بیس کیمپ سے آج صبح روانہ ہوئے، جہاں سے وہ پوتر گپھا کے آگے کے سفر کیلئے روانہ ہوں گے۔x

**MEA CANADA RATH YATRA**

بھارت نے ٹورنٹو میں رتھ یاترا جلوس کے دوران پیدا کی گئی بدنظمی کی سخت مذمت کی ہے اور اِس واقعے کو قابل نفرت قرار دیتے ہوئے کینیڈا کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اِس واقعے کے ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کریں۔

اِس واقعے پر میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت نے اِس معاملہ کو کینیڈا کے حکام کے ساتھ سختی سے اٹھایا ہے تاکہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کینیڈا کی سرکار عوام کے مذہبی حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کرے گی۔x

**TRUMP TARIFF-RUSSIA**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس سے تیل، گیس اور یورینیم درآمد کرنے والے ملکوں پر 100 فیصد ثانوی محصولات عائد کرنے کی دھمکی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ یوکرین کے ساتھ جنگ کے خاتمے کیلئے روس کے طرزِ عمل سے ناخوش ہیں۔ وائٹ ہاؤس میں نیٹو کے سکریٹری جنرل Mark Rutte کے ساتھ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ اگر روس یوکرین کے ساتھ امن معاہدہ نہیں کرتا ہے تو 50 دن کی میعاد کے بعد اُن ملکوں پر وہ یہ محصولات نافذ کردیں گے۔x

**RUNNER-FAUJA SINGH DIED**

میراتھن دوڑ میں حصہ لینے والے 114 سال کے آزمودہ کار کھلاڑی فوجا سنگھ کا کل جالندھر میں، اُن کے آبائی گاؤں Beas گاؤں میں ایک سڑک حادثے میں انتقال ہوگیا۔ پنجاب کے گورنر جناب گلاب چند کٹاریا نے ان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فوجا سنگھ جدوجہد اور امید کی ایک علامت تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے گاؤں میں ایک دردناک سڑک حادثے میں ان کی جان جانے کی خبر سے کافی صدمہ ہوا ہے۔x

**CENTRE-TELENGANA WATER**

مرکز نے دریا کے پانی کی تقسیم کے تنازع پر کل دلّی میں تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے وزرائے اعلیٰ کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ مرکز نے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی اور آندھرا پردیش کے اُن کے ہم منصب ایم چندرا بابونائیڈو کو جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل سے ملاقات کیلئے مدعو کیا ہے۔

آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کل دن میں تقریباً ڈھائی بجے جناب پاٹل سے ملاقات کریں گے۔ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ کے دفتر نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ جل شکتی کے مرکزی وزیر کے ساتھ کل دلّی میں ایک ملاقات کا پروگرام ہے۔ اس میٹنگ میں تلنگانہ پانی کے تقسیم کے معاملے کو سختی سے اٹھائے گا، جاری پروجیکٹوں کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کرے گا، نئے پروجیکٹوں کیلئے فنڈ کے مطالبات اٹھائے اور ان پروجیکٹوں کی منظوری پر زور دے گا۔×

**IND-ENG TEST CRICKET**

کرکٹ میں کل رات لارڈس میں اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ میں میزبان انگلینڈ کے ذریعہ دیئے گئے 193 رن کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے بھارتی ٹیم 170 رن پر ہی آل آؤٹ ہوگئی۔ رویندر جڈیجہ نے بغیر آؤٹ ہوئے 61 رن بنائے۔انگلینڈ کی جانب سے جوفرا آرچر اور بین اسٹوکس نے تین-تین وکٹ لئے۔ بین اسٹوکس کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس جیت کے ساتھ پانچ میچوں کی سیریز میں انگلینڈ نے دو-ایک سے سبقت حاصل کرلی ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... حبیب الرحمان

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخبارات نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی چین کے نائب صدر ہان ژینگ سے ملاقات کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: ہند-چین تعلقات میں مثبت پیش رفت کی توقع۔ وزیراعظم مودی اور صدر جن پنگ کی ملاقات کے بعد سے تعلقات مسلسل بہتر ہورہے ہیں۔ Axiom-4 مشن سے متعلق خبر کو سبھی اخباروں نے صفحہ اول پر نمایاں طور سے شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: خلاء باز شبھاشنو شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے زمین کیلئے ہوئے روانہ۔ آج دو پہر تین بجے کیلیفورنیا میں ہوگی لینڈنگ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ذریعہ نئے گورنروں کی تقرری کی خبر کو روزنامہ ملاپ نے صفحہ اول پر اہمیت کے ساتھ جگہ

دی ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: اسیم گھوش ہریانہ اور اشوک گجپتی گوا کے گورنر مقرر، کویندر گپتا لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر بنائے گئے۔

عالمی خبروں کے صفحہ کی چند اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ مغربی ممالک کے درمیان ایک نئی تجارتی جنگ چھڑ سکتی ہے: اٹلی کا انتباہ۔

☆ امریکہ نے تارکین وطن کے خلاف پالیسی مزید سخت کردی۔

☆ جنگی خطرات کے پیش نظر فرانسیسی صدر کا ملٹری اخراجات میں اضافے کا اعلان۔

☆ امریکہ، یوکرین کو پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام بھیجے گا: ٹرمپ۔

☆ غزہ کیلئے امدادی سامان لے کر حنظلہ نامی کشتی اٹلی سے روانہ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا اور **Axiom-4** مشن عملے کے دیگر تین ارکان آج زمین پر واپس آئیں گے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اڈیشہ کے کٹک میں **Ravenshaw** یونیورسٹی کے سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔

☆ بھارت نے ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی **50** فیصد صلاحیت مقررہ وقت سے پانچ سال قبل ہی حاصل کرلی ہے۔

☆ دلّی حکومت نے کاروبار میں سہولت کو فروغ دینے کیلئے ماحول کیلئے سازگار صنعتوں کی آلودی سے متعلق کلیئرنس کیلئے **20** دن کی حد مقرر کی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج چین کے شہر **Tianjin** میں **SCO** وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

☆ اور کرکٹ میں، انگلینڈ نے اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی میں بھارت کو تیسرے ٹیسٹ میں **22** رن سے شکست دے کر دو-ایک کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------